# اینٹی بایوٹک اسکریننگ فارم 1

NYC Health

صاف صاف بڑے حروف میں جیسا کہ دکھایا گیا ہے قلم یا پنسل سے جلی حروف میں لکھیں یا کمپیوٹر پر معلومات درج کریں۔ EXAMPLE123

دائروں کو اس طرح پُر کریں: ●
اس طرح پُر نہ کریں: ⊗

**براہ کرم جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اس کے لیے درج ذیل معلومات فراہم کریں۔ یہ معلومات محکمہ صحت کے ذریعہ صحت عامہ کی اس ایمرجنسی کے لیے استعمال کی جائے گی۔ معلومات اور ہدایات کے لیے صفحہ 2 سے رجوع کریں۔ پوائنٹ آف ڈسپینسنگ (Point of Dispensing, POD) پر اینٹی بایوٹک لینے کے لیے آپ کو سوالات 1-9 کا جواب دینا ضروری ہے۔**

پہلا نام (First Name) ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

آخری نام (Last Name) ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

تاریخ پیدائش (ماہ / دن / سال) ☐☐ ☐☐ ☐☐☐☐

گھریلو زپ کوڈ ☐☐☐☐☐

صنف ☐ خاتون ☐ مرد ☐ مخنث ☐ صنف کی تصدیق نہیں ہوئی

| | ہاں Yes | نہیں No |
|---|---|---|
| 1. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اس کو کبھی ڈوکسی سائیکلین یا ٹیٹرا سائیکلین کے تئیں ایسے شدید الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوا ہے جس کے لیے طبی توجہ کی ضرورت پڑی ہو؟ | ☐ | ☐ |
| 2. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گی وہ حاملہ ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 3. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اس کو کبھی سپرو فلوکساسین (Cipro) یا دیگر فلورو کوئنولونز کے تئیں ایسے شدید الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوا ہے جس کے لیے طبی توجہ کی ضرورت پڑی ہو؟ | ☐ | ☐ |
| 4. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اسے ضعف عضلات لاحق ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 5. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی وہ ٹیزانیڈائن (Zanaflex) لے رہا/رہی ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 6. کیا جوفرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی وہ تھیوفائلین لے رہا/رہی ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 7. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اسے گردے کا مرض ہے یا وہ ڈائلیسیس پر ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 8. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی وہ گولیاں نگلنے سے قاصر ہے؟ | ☐ | ☐ |
| 9. کیا جو فرد اینٹی بایوٹک لے گا/گی اس کا وزن 76 پونڈ یا 35 کلو گرام سے کم ہے؟ اگر ہاں تو وزن درج کریں: __________ پونڈ یا __________ کلو گرام۔ | ☐ | ☐ |

**THIS SECTION FOR POD STAFF ONLY / یہ سیکشن صرف POD کے عملہ کے لیے ہے**

**Medical Evaluation**

- ○ Rx: Ciprofloxacin suspension ________mg Q12h X 10 days
- ○ Rx: Clindamycin ________mg Q8h X 10 days
- ○ Rx: Amoxicillin ________mg Q8h X 10 days
- ○ Doxycycline (C) ○
- ○ Doxycycline Only
- ○ Ciprofloxacin Only

Notes ____________________________________________

Signature ________________________ License # ________________________

**Screening**

- ○ Doxycycline (C) ○
- ○ Doxycycline Only
- ○ Ciprofloxacin Only
- ○ Medical Evaluation

Initials ______________

☐ میں اینٹی بایوٹک خود اپنے لیے لے رہا/رہی ہوں۔ میں حسب ہدایت اینٹی بایوٹک لینے پر متفق ہوں۔

یا

☐ میں اس فارم میں اوپر نامزد فرد کے لیے اینٹی بایوٹک لے رہا/رہی ہوں۔ میں اس فارم میں اوپر نامزد فرد کو اینٹی بایوٹک اور کوئی ہدایات فراہم کرنے پر متفق ہوں۔

اپنا نام جلی حروف میں لکھیں ________________________ دستخط ________________________ تاریخ ______________

○ ○ ○

[سادہ فارم پرنٹ کریں] [فارم اسکرین/ پرنٹ کریں] [فارم ری سیٹ کریں]

Urdu

## معلومات اور ہدایات

جب آپ فارم پُر کریں گے/گی اور "فارم اسکرین/ پرنٹ کریں" (Screen/Print Form) پر کلک کریں گے/گی تو کمپیوٹر طے کرے گا کہ آپ کون سی اینٹی بایوٹک لیں گے/گی۔ مکمل کردہ فارم پرنٹ کریں اور اسے اپنے ساتھ لے کر POD پر آئیں۔ اس سے عملہ کو جلدی سے آپ کی خدمت کرنے میں مدد ملے گی سادے فارم PODs پر بھی دستیاب ہوں گے۔

**سوال 1:** شدید الرجی زا ردعمل ایک جان لیوا ردعمل ہوتا ہے جس کی وجہ سے سانس لینے اور/یا نگلنے میں مسائل، چہرے، آنکھ یا حلق میں سوجن یا چھاتی میں درد پیدا ہو سکتا ہے۔ اینٹی بایوٹک کے ضمنی اثرات میں اسہال اور پیٹ کی گڑبڑی شامل ہیں اور انہیں شدید الرجی زا ردعمل خیال نہیں کیا جاتا ہے۔

ٹیٹرا سائیکلینز اینٹی بایوٹکس (بشمول ڈوکسی سائیکلین، مائنوسائیکلین اور ٹیٹرا سائیکلین) کا گروپ ہیں جو جراثیمی انفیکشنز کو روکتی یا ان کا علاج کرتی ہیں۔ جس فرد کو ڈوکسی سائیکلین یا دیگر ٹیٹرا سائیکلین کے تئیں شدید الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوا ہو وہ ڈوکسی سائیکلین نہیں لے سکتا/سکتی ہے؛ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 2:** سپرو فلوکساسین عام طور پر ان لوگوں کے لیے ترجیحی ہے جو حاملہ ہیں۔ تاہم، اگر وہ دنبل کی زد میں آئی ہیں تو وہ دنبل کے انفیکشن کو روکنے کے لیے ڈوکسی سائیکلین بھی لے سکتی ہیں۔ جو فرد حاملہ ہو انہیں اسکریننگ کے دیگر سوالوں کے جواب کی بنیاد پر یا تو ڈوکسی سائیکلین یا سپرو فلوکساسین میں سے کوئی مل سکتی ہے۔ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 3:** شدید الرجی زا ردعمل ایک جان لیوا ردعمل ہوتا ہے جس کی وجہ سے سانس لینے اور/یا نگلنے میں مسائل، چہرے، آنکھ یا حلق میں سوجن یا چھاتی میں درد پیدا ہو سکتا ہے۔ اینٹی بایوٹک کے ضمنی اثرات میں اسہال اور پیٹ کی گڑبڑی شامل ہیں اور انہیں شدید الرجی زا ردعمل خیال نہیں کیا جاتا ہے۔

فلورو کوئنولونز اینٹی بایوٹکس (بشمول سپرو فلوکساسین، لیوو فلوکساسین اور موکسی فلوکساسین) کا گروپ ہے جو جراثیمی انفیکشنز کو روکتا یا ان کا علاج کرتا ہے۔ جس فرد کو سپرو فلوکساسین یا دیگر فلورو کوئنولونز کے تئیں شدید الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوا ہو وہ سپرو فلوکساسین نہیں لے سکتا/سکتی ہے؛ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 4:** ضعف عضلات ایک دیرینہ کیفیت ہے جس کی وجہ سے عضلات میں کمزوری ہوتی ہے۔ سپرو فلوکساسین ضعف عضلات کی علامات کو مزید بدتر بنا سکتی ہے۔ ڈوکسی سائیکلین میں یہ اثر نہیں ہے۔ جس فرد میں کبھی بھی ضعف عضلات کی تشخیص ہوئی ہو وہ سپرو فلوکساسین نہیں لے سکتا/سکتی ہے؛ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 5:** ٹیزانیڈائن (Zanaflex) ایک دوا ہے جو عضلات کی اینٹھن میں راحت دیتی ہے۔ سپرو فلوکساسین ٹیزانیڈائن (Zanaflex) کے ضمنی اثرات کو بدتر بنا سکتی ہے۔ ڈوکسی سائیکلین میں یہ اثر نہیں ہے۔ جو فرد فی الحال ٹیزانیڈائن (Zanaflex) لے رہا/رہی ہو وہ سپرو فلوکساسین نہیں لے سکتا/سکتی ہے؛ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 6:** تھیوفائلین ایک دوا جس سے تنفس کے کچھ مسائل کا علاج ہوتا ہے۔ سپرو فلوکساسین تھیوفائلین کے ضمنی اثرات کو بدتر بنا سکتی ہے۔ ڈوکسی سائیکلین میں یہ اثر نہیں ہے۔ جو فرد فی الحال تھیوفائلین لے رہا/رہی ہو وہ سپرو فلوکساسین بھی لے سکتا/سکتی ہے لیکن انہیں اپنے تھیوفائلین کی سطحیں چیک کروا لینا ضروری ہے۔ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 7:** گردے کے مرض کا مطلب یہ ہے کہ گردے خراب ہو گئے ہیں اور معمول کے مطابق خون کو فلٹر نہیں کر سکتے۔ گردے کی خرابی سپرو فلوکساسین پر کارروائی کرنے کی بدن کی اہلیت کم کر سکتی ہے۔ گردے کی خرابی بدن کی ڈوکسی سائیکلین پر کاروائی کرنے کی صلاحیت کو کم نہیں کرتی ہے۔ جس فرد کو گردے کا مرض ہو یا جو ڈائلیسیس پر ہوں، وہ ابھی بھی سپرو فلوکساسین لے سکتے/سکتی ہیں لیکن انہیں کمتر خوراک کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 8:** جو فرد گولیاں نگلنے سے قاصر ہو اسے الٹی ہو سکتی ہے، اس کا منہ بند ہو سکتا ہے یا گولی اس کے گلے میں اٹک سکتی ہے۔ انہیں رقیق اینٹی بایوٹک یا ایسی اینٹی بایوٹک لینا چاہیے جس کو کچلا جا سکتا ہو۔ جو فرد گولیاں نکلنے سے قاصر ہو اسے اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا چاہیے۔

**سوال 9:** جس فرد کا وزن 76 پونڈ یا 35 کلو گرام سے کم ہو اسے اینٹی بایوٹک کی کمتر خوراک کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ انہیں اس سوال کا جواب "ہاں" میں دینا اور اپنا وزن پُر کرنا چاہیے۔